# ماڈیول ۱

## فقہ کی تعریف

فقہ ایک ایسا علم ہے جس میں انسان شرعی احکام کو جاننے کے ساتھ ساتھ ان کی گہرائی اور باریکی کو سمجھتا ہے۔ لغوی طور پر، فقہ کا مطلب "سمجھنا" ہے، لیکن شریعت میں اس کا مفہوم زیادہ وسیع ہے۔ یہ نہ صرف کسی بات کو جاننے کا نام ہے، بلکہ اس بات کی گہرائی، مقصد اور حکمت کو بھی سمجھنے کا علم ہے۔ فقہ کا مقصد صرف علمی معلومات حاصل کرنا نہیں بلکہ ان پر عمل کرنا ہے تاکہ انسان اپنی زندگی کو دین کے مطابق گزار سکے۔

## فقہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف میں فرق

لغوی طور پر فقہ کا مطلب صرف جاننا ہے، جبکہ اصطلاحی طور پر فقہ شریعت کے عملی احکام کو جاننے اور ان پر غور و فکر کر کے دلائل سے نتائج اخذ کرنے کا علم ہے۔ فقہ کا مطلب صرف جاننا نہیں بلکہ گہرائی تک پہنچنا ہے، تاکہ ہمیں معلوم ہو سکے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تعلیمات میں ہر حکم کے پیچھے کیا حکمت ہے۔ یہ ہمیں صحیح اور غلط کی تمیز سکھاتا ہے۔

## امام ابو حنیفہ اور امام شافعی کی فقہ کی تعریف

امام ابو حنیفہ کے نزدیک فقہ نفس کے حقوق اور فرائض کو جاننے کا علم ہے۔ اس تعریف میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ ایک مسلمان کو یہ جاننا چاہیے کہ اس کے فرائض کیا ہیں اور اس پر کیا حقوق عائد ہوتے ہیں۔ یہ تعریف بہت جامع ہے کیونکہ اس میں عبادات، معاملات، اور اخلاقیات سب شامل ہیں۔

امام شافعی کے مطابق فقہ کا مطلب شریعت کے عملی احکام کو جاننا ہے، جو غور و فکر اور تفصیلی دلائل سے حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ تعریف زیادہ خاص ہے کیونکہ اس میں صرف ان احکام کا ذکر ہے جو عملی زندگی سے متعلق ہیں، جیسے نماز، روزہ، زکاۃ، وغیرہ۔

## علم فقہ کاموضوع

علم فقہ کاموضوع" افعال مکلفین "یعنی انسان کے اعمال ہیں۔مکلف وہ شخص ہے جو شریعت کے احکام کا پابند ہو۔فقہ میں انسان کے ہر عمل کا حکم معلوم کیاجاتاہے،چاہے وہ عبادات سے متعلق ہو یامعاملات سے۔مثلاً نماز،روزہ،زکاۃ،نکاح،خرید وفروخت،یہ سب فقہ کے موضوعات ہیں۔علم فقہ کی مدد سے انسان کو یہ علم ہوتاہے کہ وہ جو عمل کررہاہے،اس کا حکم کیاہے: کیاوہ فرض ہے،واجب ہے، مستحب ہے،جائز ہے،یاحرام ہے۔

## علم فقہ کانتیجہ

علم فقہ کاسب سے بڑافائدہ یہ ہے کہ یہ مکلفین کے اعمال کی اصلاح کرتاہے۔جب انسان کو علم ہوتاہے کہ اس کا کون سا عمل درست ہے اور کون ساغلط،تووہ اپنی زندگی کو بہتر طریقے سے گزارنے کی کوشش کرتاہے۔مثلاًاگر کسی کو معلوم ہو جائے کہ وہ جو کام کررہاہے،وہ اللہ کے نزدیک حرام ہے،تووہ اس سے بچنے کی کوشش کرے گا۔اس طرح فرد کی اصلاح ہوتی ہے،اور جب افراد درست ہوں گے،تو پورامعاشرہ درست ہو جائے گا۔علم فقہ کی بدولت انسان کی عبادات بھی درست ہو جاتی ہیں،جیسے وضو کے بغیر نماز نہیں ہوتی،توجب انسان کو یہ علم ہو جاتاہے،وہ اپنی عبادات کو درست کرلیتاہے۔

## علم فقہ کی فضیلت

علم فقہ کی فضیلت قرآن اور حدیث میں بارہابیان کی گئی ہے۔قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتاہے کہ " اللہ ایمان والوں کے درجات کو بلند کرتا ہے،اوران لوگوں کے درجات کو جو علم رکھتے ہیں"۔اس سے ظاہر ہوتاہے کہ علم والوں کی اللہ کے نزدیک بہت بڑی قدر ومنزلت ہے۔حدیث میں آتاہے کہ جس شخص کے لیے اللہ بھلائی چاہتاہے،اسے دین کی سمجھ عطاکرتاہے۔اس حدیث سے یہ معلوم ہوتاہے کہ علم فقہ حاصل کرنااللہ تعالیٰ کی بڑی نعمتوں میں سے ایک ہے،اور یہ وہ علم ہے جوانسان کو جنت کے قریب لے جاتاہے۔

## علم فقہ کی اہمیت

علم فقہ اس لیےاہم ہے کہ یہ انسان کو شریعت کے احکام سے آگاہ کرتاہے۔اس علم کی مدد سے انسان اپنے روزمرہ کے اعمال کو دین کے

مطابق کر سکتا ہے۔ مثلاً نماز کے مسائل، زکاۃ کے مسائل، اور روزے کے مسائل سب فقہ کے ذریعے سیکھے جاتے ہیں۔ علم فقہ کی بدولت انسان کی دنیا اور آخرت دونوں سنور جاتی ہیں کیونکہ یہ علم اسے صحیح اور غلط کی پہچان دیتا ہے۔

## علم فقہ کا حکم

علم فقہ سیکھنا ہر مسلمان پر ضروری ہے، لیکن اس کی دو اقسام ہیں: ایک فرض عین اور دوسری فرض کفایہ۔ فرض عین وہ مسائل ہیں جن کا جاننا ہر مسلمان کے لیے لازمی ہے، جیسے نماز کے مسائل۔ اگر کوئی مسلمان نماز پڑھتا ہے، تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ نماز کے مسائل کو سیکھے تاکہ وہ درست طریقے سے عبادت کر سکے۔ فرض کفایہ وہ علم ہے جسے سیکھنا پوری امت پر لازم نہیں، لیکن کچھ لوگ اسے سیکھ لیں تو باقی امت پر سے فرض ساقط ہو جاتا ہے۔

## Fiqh ki Tareef

Fiqh ek aisa ilm hai jisme insaan shar'i ahkaam ko jaan'ne ke saath saath inki gehraai aur bareeqi ko samajhta hai. Lughwi tor par, fiqh ka matlab "samajhna" hai, magar shariat mein iska mafhoom zyada wasee hai. Yeh na sirf kisi baat ko jaan'ne ka naam hai, balki is baat ki gehraai, maqsad aur hikmat ko bhi samajhne ka ilm hai. Fiqh ka maqsad sirf ilmi maloomat hasil karna nahi, balki in par amal karna hai taake insaan apni zindagi ko deen ke mutabiq guzar sake.

## Fiqh ki Lughwi aur Istilahi Tareef mein Farq

Lughwi tor par fiqh ka matlab sirf jaan'na hai, jabke istilahi tor par fiqh shariat ke amali ahkaam ko jaan'ne aur in par ghoro fikr karke dalail se natayij akhaz karne ka ilm hai. Fiqh ka maqsad sirf jaan'na nahi balki gehraai tak pohanchna hai, taake hamein maloom ho sake ke Allah aur uske Rasool ﷺ ki taleemat mein har hukum ke peeche kya hikmat hai. Yeh humein durust aur ghalat ki tameez sikhaata hai.

## Imam Abu Hanifa aur Imam Shafi'i ki Fiqh ki Tareef

Imam Abu Hanifa ke nazdeek fiqh nafs ke huqooq aur faraiz ko jaan'ne ka ilm hai. Is tareef mein yeh wazeh kiya gaya hai ke ek musalman ko yeh jaan'na chahiye ke uske faraiz kya hain aur us par kya huqooq 'aid hote hain. Yeh tareef buhat jaami' hai kyun ke ismein ibaadaat, mu'amlaat, aur ikhlaqiyat sab shaamil hain.

Imam Shafi'i ke mutabiq fiqh ka matlab shariat ke amali ahkaam ko jaan'na hai jo ghoro fikr aur tafseeli dalail se hasil kiya jata hai. Yeh tareef zyada khaas hai kyun ke ismein sirf un ahkaam ka zikr hai jo amali zindagi se mutaliq hain, jaise namaz, roza, zakat, waghera.

## Ilm Fiqh ka Mauzu

Ilm fiqh ka mauzu "af'aal al-mukallifeen" yani insaan ke a'maal hain. Mukallif woh shakhs hai jo shariat ke ahkaam ka paband ho. Fiqh mein insaan ke har amal ka hukum maloom kiya jata hai, chahe woh ibaadaat se mutaliq ho ya mu'amlaat se. Misaal ke tor par, namaz, roza, zakat, nikah, khareed o farokht waghera, yeh sab fiqh ke mawad hain. Ilm fiqh ki madad se insaan ko yeh ilm hota hai ke woh jo amal kar raha hai, uska hukum kya hai: kya woh farz hai, wajib hai, mustahab hai, jaiz hai, ya haram hai.

## Ilm Fiqh ka Nateejah

Ilm fiqh ka sab se bara faida yeh hai ke yeh mukallifeen ke a'maal ki islaah karta hai. Jab insaan ko ilm hota hai ke uska kaun sa amal durust hai aur kaun sa ghalat, to woh apni zindagi ko behtar tareeqe se guzarne ki koshish karta hai. Misaal ke tor par, agar kisi ko maloom ho jaye ke woh jo kaam kar raha hai, woh Allah ke nazdeek haram hai, to woh is se bachne ki koshish karega. Is tarah fard ki islaah hoti hai, aur jab afraad durust honge, to poora muashra durust ho jaye ga. Ilm

fiqh ki badolat insaan ki ibaadaat bhi durust ho jati hain, jaise wudu ke baghair namaz nahi hoti, to jab insaan ko yeh ilm ho jata hai, woh apni ibaadaat ko durust kar leta hai.

## Ilm Fiqh ki Fazilat

Ilm fiqh ki fazilat Qur'an aur hadees mein baarha bayan ki gayi hai. Qur'an mein Allah Ta'ala farmata hai ke "Allah imaan walon ke darjaat ko buland karta hai, aur un logon ke darjaat ko jo ilm rakhte hain". Is se zahir hota hai ke ilm walon ki Allah ke nazdeek bohat bari qadr o manzilat hai. Hadees mein aata hai ke jis shakhs ke liye Allah bhalaai chahta hai, usay deen ki samajh atta karta hai. Is hadees se yeh maloom hota hai ke ilm fiqh hasil karna Allah Ta'ala ki bari ni'maton mein se ek hai, aur yeh woh ilm hai jo insaan ko jannat ke qareeb le jata hai.

## Ilm Fiqh ki Ahmiyat

Ilm fiqh is liye ahem hai ke yeh insaan ko shariat ke ahkaam se aagah karta hai. Is ilm ki madad se insaan apne rozmarra ke a'maal ko deen ke mutabiq kar sakta hai. Misaal ke tor par, namaz ke masail, zakat ke masail, aur roze ke masail sab fiqh ke zariye seekhe jate hain. Ilm fiqh ki badolat insaan ki duniya aur aakhirat dono sanwar jati hain kyun ke yeh ilm usay durust aur ghalat ki pehchaan deta hai.

## Ilm Fiqh ka Hukum

Ilm fiqh seekhna har musalman par zaroori hai, magar is ki do aqsam hain: ek farz 'ain aur doosri farz kifaya. Farz 'ain woh masail hain jin ka jaan'na har musalman ke liye laazmi hai, jaise namaz ke masail. Agar koi musalman namaz parhta hai, to iske liye laazim hai ke woh namaz ke masail ko seekhe taake woh durust tareeqe se ibaadat kar sake. Farz kifaya woh ilm hai jise seekhna poori ummat par laazim nahi, magar kuch log isay seekh lein to baaqi ummat par se farz saqit ho jata hai.